احکامِ شریعت

امام اہلسنت اعلیٰحضرت احمد رضا خاں بریلوی

علیہ الرحمۃ

شبیر برادرز اردو بازار لاہور

مسلک اہلسنت کے مطابق روزمرہ شرعی مسائل کا مستند مجموعہ

احکامِ شریعت

تینوں حصے مکمل معہ ملفوظات

تصنیف لطیف

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں بریلوی قادری قدس سرہ العزیز

دیباچہ و موضوع بندی

علامہ عالم فقری

شبیر برادرز
۴۰۔ بی
اردو بازار لاہور

marfat.com

نام کتاب ——— احکام شریعت (مکمل تین حصے)

نام مصنف ——— اعلیٰ حضرت احمد رضا خاں بریلوی

ترجمہ عربی ——— محمد اول قادری چشتی

دیباچہ سوانح مصنف ——— عالم فقری

تعداد طبع اول ——— ایک ہزار

سال طباعت ——— ۱۹۸۴ء

زیر نگرانی ——— جناب حاجی انور اختر صاحب

ناشر ——— شبیر برادرز

اردو بازار لاہور

قیمت ——— ۵۷/- روپے

مطبوعہ خادم پرنٹرز اردو بازار لاہور

marfat.com

سکیں تو اسقاط کا کیا طریقہ ہے۔ بینوا توجروا۔

الجواب

تبارک ہر مہینہ میں ہوسکتی ہے یہ تعینات بغرض تحفظ ریا ودہائی ہوتے ہیں، اور میت کے ورثاء جس قدر پر قادر ہوں مسکین کو بہ نیت کفارہ دے کر قابض کردیں وہ بعد قبضہ اپنی طرف سے وارث کو ہبہ کردے وارث بعد قبضہ پھر بہ نیت کفارہ مسکین کو دے اسی طرح دور کریں یہاں تک کہ مقدار مطلوب ادا ہو جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۸۹ مسئلہ۔ افیون کی تجارت

علمائے اسلام ومفتیان عظام اس مسئلہ میں کیا فرماتے ہیں کہ افیون کی تجارت اور اس کی دکان کرنا شرعاً جائز ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب

افیون کی تجارت دوا کے لیے جائز اور افیونی کے ہاتھ بیچنا ناجائز ہے۔ لان المعصیۃ تقوم بعینہ وکل ما کان کذلک کرہ بیعہ کما فی تنویر الابصار۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۹۰ مسئلہ۔ عورت کو پیر سے پردہ کرنا چاہیئے

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ میں کہ (۱) پیر سے پردہ ہے یا نہیں (۲) ایک بزرگ عورتوں سے بغیر حجاب کے حلقہ کراتے ہیں اور حلقہ کے بیچ میں بزرگ صاحب بیٹھتے ہیں توجہ ایسی دیتے ہیں عورتیں بیہوش ہو جاتی ہیں اُچھلتی کودتی ہیں اور اُن کی آواز مکان سے باہر دور سُنائی دیتی ہے ایسی بیعت ہونا کیسا ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب

پیر سے پردہ واجب ہے جبکہ محرم نہ ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم (۲) یہ صورت محض خلاف شرع وخلاف حیا ہے ایسے پیر سے بیعت نہ چاہیے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۹۱ مسئلہ۔ بیمہ کے متعلق شرعی حکم

کیا فرماتے ہیں علمائے دین کہ زندگی کا بیمہ کرانا شرعاً جائز ہے یا حرام صورت اُس کی یہ ہے جو شخص زندگی کا بیمہ کرانا چاہتا ہے اُس سے قرار پاتا ہے کہ ۵۵ سال یا ۶۰ سال

marfat.com